بقیہ 1

جارحیت کے خلاف پاکستان کا دندان شکن جواب پاکستان نے کشمیریوں کے دل جیت لیے ہیں۔ پاک افواج انتہائی مبارکباد کی مستحق ہیں، دہشتگردانہ بھارت سے بھرپور طریقے سے نپٹیں پاکستانی افواج نے بھارتی عسکری صلاحیت کا پول کھول دیا، کشمیری بھارتی تسلط سے آزادی تک ہرگز چین سے نہیں بیٹھیں گے، پاکستان نے بھارتی جارحیت کا اقوام متحدہ کے چارٹر 51 کے تحت جواب دیا اور اسکے توسیع پسندانہ عزائم خاک میں ملا دیے، خطے کے امن پسند ملکوں کو پاکستان کا مشکور ہونا چاہیے جس نے خطے پر فرقہ وارانہ بھارتی ایجنڈے اور جارحانہ تسلط اور بالادستی کا بی جے پی، آر ایس ایس کا خواب چکنا چور کر دیا، پاکستان نے فرقہ وارانہ بھارتی ایجنڈے کے آگے بند باندھ دیا اور خطے میں طاقت کے توازن کو متوازن کیا۔ یہ پیغامات سماجی رابطوں کی سائٹوں فیس بک، ایکس وغیرہ پر بھی اپ لوڈ کیے گئے ہیں

بقیہ 2

ملکوں کو چاہیے کہ وہ امن کے لیے مخلصانہ کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، جنگ سے موت اور تباہی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا، بے گناہ لوگ مارے جاتے ہیں۔ محبوبہ مفتی نے جنگ بندی کی مخالفت کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ جو لوگ ایئر کنڈیشنڈ اسٹوڈیوز اور ڈرائنگ روم میں آرام سے بیٹھ کر جنگ بندی پر سوال اٹھاتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ سرحدوں پر وقت گزاریں تا کہ موت اور تباہی کی روزمرہ کی حقیقت کو سمجھ سکیں۔

بقیہ 3

ملاقات میں اور ملکی سلامتی کے امور پر مشاورت جاری رہنی چاہیے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے جنرل سیکرٹری استحکام پاکستان پارٹی پنجاب شعیب صدیقی کی ملاقات ہوئی، رکن قومی اسمبلی موسیٰ گیلانی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی و دفاعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر پنجاب نے صدر آئی پی پی عبد العلیم خان کی زیر قیادت پارٹی کی خدمات کا اعتراف کیا۔ اس موقع پر شعیب صدیقی نے گورنر کی سیاسی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاک فوج کے بھرپور جوابی وار سے خطے سے بڑی جنگ کے خطرات ٹل گئے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی اشتعال انگیزی کے باوجود پاک آرمی نے تحمل کا دامن نہیں چھوڑا۔